# ٹیچرز گائیڈ

## چونچ اور چوں چوں

کلاس 4 کے لئے



# ٹیچر کیلئے نوٹ

- کہانی اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے کہانی اور تصویر دونوں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں۔ جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کروائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں **6** سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کروائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔

# سیشن 1

15 منٹ

- سیشن کا آغاز پرندوں کے بارے میں بات چیت سے کریں۔ بچوں سے پوچھیں کہ انہیں اپنے آس پاس کون کون سے پرندے نظر آتے ہیں؟ تمام پرندوں میں کون سی چیزیں ایک جیسی ہوتی ہیں؟ زیادہ تر بچے کہیں گے کہ پرندوں کے پر ہوتے ہیں یا وہ اڑ سکتے ہیں۔

  - گفتگو سمیٹتے ہوئے بتائیں کہ تمام پرندوں کے پر، چونچ اور پنجے ہوتے ہیں۔ اکثر پرندے اڑتے ہیں مگر کچھ پرندے اڑ نہیں سکتے۔ بچوں سے ایسے پرندوں کی مثالیں پوچھیں جو نہیں اڑ سکتے۔ جیسے: شترمرغ (ostrich) پینگوئن (penguin)

  - پرندے اپنی چونچ سے کھانا کھانے کے علاوہ دوسرے کام بھی لیتے ہیں۔ مثلاً گھونسلہ بنانے اور پروں کو صاف کرنے کے لئے بھی چونچ استعمال کرتے ہیں۔ اسی طرح پرندے اپنے پروں کی مدد سے اڑتے بھی ہیں اور پروں سے ان کے جسم بھی گرم رہتے ہیں۔

10 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ آج ہم پرندوں کے بارے میں ایک دلچسپ کتاب پڑھیں گے۔ جس کا نام **چونچ اور چوں چوں** ہے۔ بچوں کو بتائیں کہ اس کتاب میں پرندوں کی جو تصویریں ہیں وہ بچوں کی بنائی ہوئی ہیں۔

  - کتاب پڑھنے سے پہلے ہر صفحہ پر بنی پرندے کی تصویر بچوں کو دکھا کر پرندے کا نام پوچھیں اور یہ پوچھیں کہ کیا بچوں نے یہ پرندہ دیکھا ہے؟ کیا یہ پالتو پرندہ ہے؟ کیا کسی بچے نے اپنے گھر میں پالا ہے؟ اس کے بعد خود کتاب پڑھ کر سنائیں۔

20 منٹ

- کتاب میں دیئے گئے پرندوں کے نام بورڈ پر اردو میں لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ کتاب میں دیکھ کر بتائیں کہ ان پرندوں کو انگریزی میں کیا کہتے ہیں؟ پرندوں کے انگریزی نام بھی بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں لکھیں۔

| bird | پرندہ |
| --- | --- |
| hummingbird | شکر خورا |
| seagull | سی گل |
| crow | کوا |
| sparrow | چڑیا |
| hen | مرغی |
| kite | چیل |

| bird | پرندہ |
| --- | --- |
| pigeon | کبوتر |
| cuckoo | کوئل |
| peacock | مور |
| parrot | طوطا |
| lovebird | لو برڈ |
| woodpecker | ہد ہد |

# سیشن 2

- 6 - 8 بچوں سے کتاب کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ پڑھنے میں بچوں کی مدد کریں۔ 10 منٹ
- بچوں سے پوچھیں کہ کتاب میں کن پرندوں کے رنگ بتائے گئے ہیں۔ رنگوں کے نام بورڈ پر اردو اور انگریزی میں لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں لکھیں۔ 15 منٹ

| colour | رنگ |
| --- | --- |
| green | ہرا |
| red | لال |
| brown | بھورا |

| colour | رنگ |
| --- | --- |
| white | سفید |
| grey | سرمئی |
| black | کالا |

- بچوں سے کہیں کہ اپنی پسند کے کسی پرندے کی ڈرائنگ بنائیں اور اس میں رنگ بھریں۔ 20 منٹ

# سیشن 3

10 منٹ • 8 - 6 ایسے بچوں سے جنہوں نے پہلے پڑھائی نہ کی ہو باری باری کتاب کی پڑھائی کروائیں۔

15 منٹ • بچوں سے خالی جگہ پر کرنے کا کام کروائیں۔ جملے بورڈ پر لکھیں۔ بچے یہ جملے کوپی میں اتار کر خالی جگہ پر کریں۔

1) کبوتر چیل سے ______________ ہیں۔
2) کوئل آم کے موسم میں ______________ آتی ہے۔
3) مور پر پھیلا کر ______________ ہے۔
4) ہد ہد ______________ کے تنے میں چھید کر دیتے ہیں۔
5) شکر خورا پھول سے ______________ چوستا ہے۔
6) مرغی اپنی چونچ سے دانہ ______________ ہے۔
7) چیل کی ______________ بہت تیز ہوتی ہے۔
8) سی گل سمندر میں غوطہ لگا کر مچھلی ______________ ہے۔

15 منٹ • بچوں سے حساب کے چند سوالات زبانی پوچھیں۔ کچھ سوالات مثال کے طور پر نیچے دیئے گئے ہیں۔ اگر وقت بچے تو اسی نوعیت کے مزید سوالات پوچھیں۔

## سوالات

1) ایک درخت پر 5 چڑیاں بیٹھی تھیں۔ 3 اڑ گئیں۔ درخت پر کتنی چڑیاں رہ گئیں۔ (2 چڑیاں)
2) 1 سی گل نے سمندر سے 3 مچھلیاں پکڑیں۔ دوسری سی گل نے بھی 3 مچھلیاں پکڑیں۔ دونوں نے کل ملا کر کتنی مچھلیاں پکڑیں۔ (6 مچھلیاں)
3) احمد نے 5 طوطے پالے تھے۔ 2 طوطے اس نے اپنے دوست کو دے دیئے۔ احمد کے پاس کتنے طوطے بچے۔ (3 طوطے)

4) دیوار پر 13 کبوتر بیٹھے ہیں۔ 9 مزید آ کر بیٹھ جاتے ہیں۔ دیوار پر کل کتنے کبوتر بیٹھے ہیں۔ (22 کبوتر)

5) اسلم کی مرغی کے 4 چوزے تھے۔ شازیہ کی مرغی کے 3 چوزے تھے۔ دونوں کے چوزوں میں سے ایک چوزا مر گیا۔ اب کتنے چوزے بچے۔ (6 چوزے)

## گھر کا کام

5 منٹ
- پرندوں کے ناموں سے املا کے لئے تیاری کریں۔

## سیشن 4

10 منٹ
- پرندوں کے ناموں سے املا کروائیں۔

15 منٹ
- املا کی اصلاح کروائیں۔

- بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
- جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
- بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔
- بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کر کے نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

20 منٹ

- بورڈ پر دو کالم بنائیں۔ 1 کالم میں مذکر لکھیں اور 1 کالم میں مونث لکھیں۔ اگلے صفحے پر دی گئی ٹیبل کے مطابق مذکر کے کالم میں پرندوں کے نام لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ ان پرندوں کے مونث بتائیں۔ صحیح جواب بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں لکھیں۔

| مذکر | مونث |
|---|---|
| کبوتر | کبوتری |
| طوطا | طوطی |
| مرغا | مرغی |

| مذکر | مونث |
|---|---|
| مور | مورنی |
| چڑا | چڑی |
| کوئل | کوئل |

# سیشن 5

20 منٹ

- بچوں سے پرندوں کے بارے میں گفتگو کریں۔ پوچھیں کہ وہ پرندوں کے بارے میں کیا جانتے ہیں؟ انہیں کون سے پرندے اچھے لگتے ہیں؟

- بچوں کے جوابات سننے کے بعد ان سے کہیں کہ ایک خیالی (imaginary) پرندے کی تصویر نیچے دی گئی ہدایات کے مطابق بنائیں اور اس میں رنگ کریں۔

- بچوں سے کہیں کہ اپنے خیالی پرندے کی تصویر میں وہ اپنی مرضی سے مختلف پرندوں/ جانوروں کے جسم کے مختلف حصے شامل کر سکتے ہیں۔ جیسے:

طوطے کی چونچ    مور کی دم    چیل کی آنکھ    کوے کے پنجے

25 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ اپنے بنائے ہوئے پرندے کے بارے میں 10 - 8 جملے لکھیں۔

# سیشن 6

30 منٹ

- بچوں سے گفتگو کریں کہ پرندے کیا کھاتے ہیں؟

- بچوں کو بتائیں کہ کچھ پرندے گوشت خور ہوتے ہیں اور کچھ پرندے گوشت نہیں کھاتے۔

- اب بچوں سے پوچھیں کہ کیا انہیں پتہ ہے کہ کتاب میں جو پرندے ہیں ان میں سے کون سے گوشت خور ہیں اور کون سے نہیں۔

- بورڈ پر دو کالم بنائیں ایک کالم میں پرندے کا نام لکھیں اور دوسرے کالم میں بچوں سے گفتگو کر کے لکھیں کہ یہ پرندے کیا کھاتے ہیں۔ بچے اپنی کوپی میں لکھیں۔

| پرندہ | کیا کھاتا ہے |
|---|---|
| کبوتر | دانے اور پھل |
| کوئل | کیڑے مکوڑے |
| مور | دانے، کیڑے مکوڑے، پھول پودے، چوہے، چھپکلی اور مینڈک |
| طوطا | دانے، پھل اور میوہ |
| لوبرڈ | پھل اور سبزی |
| ہد ہد | کیڑے |
| شکر خورا | پھول کا رس، کیڑے اور pollen |
| سی گل | مچھلی اور کیکڑے |
| کوا | گوشت، سبزی اور روٹی |
| چڑیا | دانے، روٹی اور چھوٹے کیڑے |
| مرغی | دانے اور کیڑے |
| چیل | گوشت اور کیڑے |

15 منٹ

• بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کوپی میں ایسے کھانے کی چیزیں لکھیں جو انہیں پسند ہیں۔ بچوں کی مدد کے لئے نیچے دی گئی کھانے کی اقسام بورڈ پر لکھیں۔

## کھانے کی اقسام

1) گوشت یا چکن کی کوئی چیز
2) سبزی
3) پھل
4) میٹھا
5) اسنیکس (snacks)

- بچوں کو متوازن غذا (balance diet) کے بارے میں بتائیں کہ ہم لوگوں کو مختلف کھانے کی چیزیں ملا جلا کر کھانی چاہئیں تاکہ ہمارے جسم کو پروٹین (protein)، کاربوہائیڈریٹ (carbohydrate) اور وٹامن (vitamin) ملیں جو ہماری صحت کے لئے ضروری ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ ہمیں دن میں 10 - 8 گلاس پانی بھی پینا چاہئے۔

- بچوں کی مدد سے بورڈ پر کھانے کی ان اشیاء کو لسٹ کریں جن میں پروٹین (protein) کاربوہائیڈریٹ (carbohydrate) اور وٹامن (vitamin) پائے جاتے ہیں۔

| وٹامن (vitamin) | کاربوہائیڈریٹ (carbohydrate) | پروٹین (protein) |
|---|---|---|
| پھل | چاول | گوشت |
| سبزیاں | آٹا | انڈا |
| | مکئی | مرغی |
| | | مچھلی |
| | | دودھ |

# چونچ اور چوں چوں

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

Not For Sale